شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16 ستمبر 2026ء

پریس ریلیز

میڈیا اطلاعات کے مطابق حوثیوں کے مکہ مکرمہ سمیت سعودی عرب کے مختلف علاقوں پر ڈرون حملوں کی کوششیں قابل صد تشویش ہیں۔

مسلم ممالک اور اُن کے پراکسی گروہ آپس کی جنگ کو بند کر کے اصل دشمن یعنی صہیونیوں کے خلاف کارروائی کریں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): میڈیا اطلاعات کے مطابق حوثیوں کے مکہ مکرمہ سمیت سعودی عرب کے مختلف علاقوں پر ڈرون حملوں کی کوششیں قابل صد تشویش ہیں۔ مسلم ممالک اور اُن کے پراکسی گروہ آپس کی جنگ کو بند کر کے اصل دشمن یعنی صہیونیوں کے خلاف کارروائی کریں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے حوثیوں کے سعودی عرب کے مختلف علاقوں پر ڈرون اور میزائل حملوں، اور میڈیا اطلاعات کے مطابق مکہ مکرمہ پر ڈرون حملہ کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ یمن کے حوثیوں نے مکہ مکرمہ پر ڈرون حملہ کی کوشش کے حوالے سے میڈیا میں آنے والی اطلاعات کی تردید کرتے ہوئے اُنہیں جھوٹ پر مبنی قرار دیا ہے، لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ حرمین شریفین تمام مسلمانوں کے لیے وہ ریڈ لائن ہے جسے پار کرنے کی کس کو اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اُنہوں نے ایران سے اپیل کی وہ نہ صرف حوثیوں کو مبینہ طور پر حرمین شریفین کو ٹارگٹ کرنے سے روکے بلکہ خود مکہ معاہدہ کا حصّہ بن کر مسلم ممالک کی آپس کی خانہ جنگی کو ختم کروانے میں کردار ادا کرے۔ اُنہوں نے کہا کہ ضرورت اِس امر کی ہے کہ کوئی مسلم ملک کسی عالمی طاقت کا آلہ کار نہ بنے بلکہ مسلم ممالک آپس میں متحد ہو کر اصل دشمن یعنی ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل جس نے غزہ پر پھر سے بمباری شروع کر دی ہے، اور امریکہ کے خلاف سیاسی، سفارتی، معاشی اور پھر عسکری سطح پر متحد ہونے کے لیے عملی اقدامات کریں۔ دنیاوی تباہی اور آخرت کے بُرے انجام سے بچنے کے لیے ایسا کرنا ناگزیر ہے۔

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرو اشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: September 16th, 2026

According to media reports, the Houthis' attempted Drone Attacks on Makkah al-Mukarramah and other parts of Saudi Arabia are a matter of grave concern.

Muslim Countries and their proxy groups must end their mutual conflicts and take action against their real enemy – the Zionists.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): Strongly condemning the Houthi drone and missile attacks on various parts of Saudi Arabia, including the reported attempted drone attack on Makkah al-Mukarramah, the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, said that although the Houthis in Yemen have denied media reports regarding an attempted drone attack on Makkah al-Mukarramah, describing them as false, it is nevertheless an undeniable fact that the Haramain Sharifain constitute a red line for all Muslims that no one can be permitted to cross. He appealed to Iran not only to prevent the Houthis from allegedly targeting the Haramain Sharifain but also to become a party to the Makkah Pact itself and play a role in bringing an end to internecine conflicts among Muslim countries. He said that the need of the hour is for no Muslim country to become an instrument of any global power; rather, Muslim countries must unite and take practical steps towards forging political, diplomatic, economic, and ultimately military unity against their real enemy – the illegitimate Zionist state of Israel, which has once again begun bombing Gaza – and the United States. Doing so is imperative in order to avert destruction in this world and tormenting punishment in the Hereafter.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat